# Publication

| |
|---|
| Wednesday, 31 May 2023 |
| **Nationwide** |

**LOTTE CHEMICAL PAKISTAN LTD**

# اطلاع برائے خصوصی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ LOTTE کیمیکل پاکستان لمیٹڈ کا خصوصی اجلاس عام 22 جون 2023 بروز جمعرات، بوقت 10:00 بجے صبح بمقام انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹس آف پاکستان (ICAP)، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں اور بذریعہ ویڈیو لنک مندرجہ ذیل کاروبار کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کاروبار**

1. اجلاس میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے 23 جون 2023 سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کیلئے کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (1)159 کے مطابق کمپنی کے آٹھ (8) ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز سانگ ہیون لی، ینگ ڈے کم، آئی ایل کیو کم، پرویز اختر، محمد زبیر، طارق نذیر ورک اور جے سن پارک شامل ہیں۔

**خصوصی کاروبار**

2. کمپنی کے کسی بھی ایگزیکٹیو کے انتخاب میں شرکت کرنے اور کمپنی کے ڈائریکٹر منتخب ہونے یا بعد میں ڈائریکٹر مقرر کئے جانے کی صورت میں ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ کمپنی ایکٹ 2017 کے سیکشن (i)(c)(1)171 کی تعمیل میں درج ذیل قرار دادوں کی عبوری قرار داد کے طور پر (ترمیم یا بغیر ترمیم) کے پاس کیا جائے۔

3. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے S.R.O. نمبر 2023/(I)389، مورخہ 21 مارچ، 2023ء کے تحت مطلع کیا جاتا ہے کہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں (بشمول بیلنس شیٹ، نفع و نقصان اکاؤنٹ، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ و دیگر) کو فعال QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے کمپنی کے اراکین کو ترسیل کرنے کی منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت EOGM میں زیر بحث لائے جانے والے ان خصوصی امور سے متعلق اہم حقائق پر مبنی بیان اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

بحکم بورڈ

**فیصل عابد**

کمپنی سیکرٹری

31 مئی 2023

کراچی

**نوٹس**

**1- کتابوں کی بندش۔** کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 15 تا 22 جون 2023 (بشمول دونوں ایام) بند رہے گی۔ اس سلسلے میں خصوصی اجلاس عام میں شرکت کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو 14 جون 2023 کو دفتری اوقات کار ختم ہونے تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز بر وقت تصور کیے جائیں گے۔

**2- خصوصی اجلاس میں شرکت۔** کمپنی کا ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا مجاز ہوں، اپنی جگہ کسی اور شخص کو بطور پراکسی اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق دے سکتا ہے۔ پراکسی اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروانی ہوگی۔ پراکسی کے دیگر کاغذات کی نقول کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر سے معمول کے دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ مقررہ مدت کے دوران آنے والی عام تعطیل پر کوئی اکاؤنٹ نہیں لیا جائے گا۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.lottechem.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے 26 جنوری 2000 کو جاری کردہ سرکلر نمبر 1 میں موجود ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔ جو درج ذیل ہیں:

**(الف) اجلاس میں شرکت کیلئے:**

i۔ فرد ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور / یا وہ فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں جمع ہیں اور اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق درج ہیں، انھیں اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

ii۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرار داد/پاور آف اٹارنی میں نامزد کردہ کے دستخط کے (اگر پہلے پیش نہ کی گئی ہو) پیش کرنا ہوگی۔

**(ب) پراکسی کے تقرر کیلئے:**

i۔ فرد ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/یا وہ فرد جس کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں جمع ہیں اور اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق درج ہیں، انھیں مندرجہ بالا ہدایات کے پیش نظر پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

ii۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط مع نام، پتہ اور سی این آئی سی نمبر موجود ہونے ضروری ہیں۔

iii- پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پیش کرنی ہوں گی۔

iv- اجلاس کے وقت پر کسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرار داد / پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے دستخط کے (اگر پہلے پیش نہ کی گئی ہو) پیش کرنا ہوگی۔

**3- ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے EOGM میں شرکت۔** ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت میں دلچسپی رکھنے والے اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کم از کم 48 گھنٹے قبل درج ذیل **معلومات** companysecretary@lottechem.pk پر ای میل کرکے خود کو رجسٹرڈ کریں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ این ٹی این نمبر | فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ممبران کو مندرجہ بالا تفصیلات کی تصدیق کے بعد رجسٹر کیا جائے گا اور کمپنی کی طرف سے ای میل کے ذریعے ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت صبح 9.30 بجے سے میٹنگ کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

**4- طریقہ کار اور دستاویزات۔** کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹر کے لیے الیکشن لڑنا چاہتا ہے، چاہے وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہی کیوں نہ ہوں، انھیں کمپنی کے کے رجسٹرڈ آفس واقع EZ/I/P-4، ایسٹرن انڈسٹریل زون، پورٹ قاسم، کراچی میں یا ای میل کے ذریعے companysecretary@lottechem.pk پر مذکورہ میٹنگ سے 14 دن پہلے درج ذیل دستاویزات جمع کرانے ہوں گے۔

(الف) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کے تحت ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کیلئے ان کی جانب سے درخواست؛

(ب) کمپنیز ریگیولیشنز 2018 (عام دفعات اور فارم) کے تحت فارم 28 میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے پر رضامندی۔

(ج) اپنے دفتر کے پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل؛

(د) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019، اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 153 میں درج اہلیت کے معیار کی تعمیل کے سلسلے میں ایک لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے لیے اقرار نامہ

(س) مستند CNIC / پاسپورٹ اور NTN کی کاپی؛

خود مختار ڈائریکٹر کے طور پر الیکشن لڑنے کا ارادہ رکھنے والے امیدوار کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانے کی ضرورت ہے:

(ص) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ضابطہ (3)6 کے تحت خود مختار ہونے کا اقرار نامہ؛

(ط) غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کی طرف سے اقرار نامہ کہ وہ کمپنیوں کے ریگولیشنز، 2018؛ (آزاد ڈائریکٹرز کا طریقہ اور انتخاب کے ضمن میں) ضابطہ 4 کے ذیلی ضابطے (1) کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے

**5- پوسٹل بیلٹ۔** کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ممبران کو مذکورہ ضوابط میں موجود تقاضوں اور طریقہ کار کے مطابق پوسٹل یا الیکٹرانک موڈ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ الیکٹرانک ووٹنگ (ای ووٹنگ) کے خواہشمند حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فعال ای میل اور موبائل نمبر کو اپنے فزیکل فولیو، کمپنی کے شیئر رجسٹرار اور اپنے پارٹیسپنٹ یا بروکر / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز میں شامل کرائیں جہاں ان کے حصص ڈیجیٹل طور پر موجود ہیں۔

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3) 166 کے تحت اہم حقائق پر مبنی اسٹیٹمنٹ**

کمپنی کو لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 میں بیان کردہ تقاضوں کے مطابق اپنے بورڈ میں خود مختار ڈائریکٹرز کا تقرر کرنا ضروری ہے۔ خود مختار ڈائریکٹرز کا انتخاب ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا جو سیکشن 159 میں بیان کیا گیا ہے۔ ان ڈائریکٹرز کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)166 کے تحت مقرر کردہ معیار پر پورا اترنا چاہیے۔

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3) 134 کے تحت اہم حقائق کا بیان**

یہ بیان جمعرات، 22 جون 2023 کو منعقد ہونے والی کمپنی کی غیر معمولی اجلاسِ عام میں خصوصی کاروبار سے متعلق اہم حقائق کا تعین کرتا ہے۔

**ایجنڈے کا آئٹم (2)**

**آفس آف پرافٹ کے ڈائریکٹر کے عہدے کیلئے عام اجلاس کی منظوری طلب کرنا**

کمپنی ایکٹ، 2017 کے سیکشن (i)(c)(1)171 کے مطابق، کمپنی کا کوئی بھی ایگزیکٹو جو کے ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لیتا ہے اور بعد میں اسے کمپنی کا ڈائریکٹر مقرر کیا جاتا ہے، اس صورت میں اس کے لئے غور کرنا اور اس کی منظوری دینا اس کے مطابق، مندرجہ ذیل قرارداد کو ایک عام قرارداد کے طور پر منظور کرنے کی تجویز ہے:

قرار پایا ہے کہ لوٹے کیمیکل پاکستان لمیٹڈ ("کمپنی") کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر (ز)، کمپنی کے ڈائریکٹر کے عہدے کے علاوہ، جیسا کہ ان کے ملازمت کے معاہدے اور کمپنی کی پالیسیوں کے مطابق کمپنی کے آفس آف پرافٹ کے ایگزیکٹوز کے طور پر رکھنے کے مجاز ہیں،

**ایجنڈے کا آئٹم (3)**

**سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کی فعال QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل**

تکنیکی ترقی اور پرانی ٹیکنالوجی کے متروک ہونے کو دیکھتے ہوئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے لسٹڈ کمپنیوں کے سرکلر S.R.O 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت کمپنی CD/DVD/USB کے بجائے فعال QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں، سالانہ بیلنس شیٹ، منافع اور نقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹر کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ، وغیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات") اپنے اراکین کو ارسال کرے گی۔

اگر ممبر کی طرف سے کمپنی کو ای میل ایڈریس فراہم کیا گیا ہو تو کمپنی سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو ای میل کے ذریعے ترسیل کرے گی۔ مزید برآں، کمپنی سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپیاں اراکین کو طلب کرنے پر کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب مخصوص درخواست فارم پُر کرنے پر مفت فراہم کرے گی۔

اس کے مطابق، مندرجہ ذیل قرارداد کو ایک عام قرارداد کے طور پر منظور کرنے کی تجویز ہے:

قرار پایا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر S.R.O 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت کمپنی کی طرف سے جاری کردہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل (بشمول سالانہ بیلنس شیٹ اور منافع اور نقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹر کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ، اور اس میں موجود دیگر رپورٹس) فعال QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ممبران کو فراہم کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔

متعلقہ شیئر ہولڈنگ / ڈائریکٹر شپ کی حد تک، مذکورہ خصوصی کاروبار کے سوا کمپنی کے ڈائریکٹرز میں سے کسی کی بھی بالواسطہ یا بالواسطہ دلچسپی نہیں ہے۔

BOND